02/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آتم نر بھر بھارت ایک قومی بیداری مہم اور اقتصادی انقلاب کا عکاس ہے ۔ جموں کے اہتمام سے منعقدہ " آتم نر بھر بھارت " کے موضوع پر ایک تقریب پر FTII میں فیڈریشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری آف انڈیا اب بھارت پر عالمی تجارت کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے ۔ Made In India کلیدی خطبہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے آتم نر بھر بھارت کو کامیاب بنانے کے لئے معیار ، اختراعیت اور اعتماد کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا ۔

ایل جی میٹنگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل جموں کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ امن ہم سب کی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے اور اس دوران انہوں نے سماج کے سبھی طبقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و امان کو بر قرار رکھیں۔ ایل جی نے کہا کہ حکومت مغربی ایشیا ءکی صورتحال پر نظر بنائے ہوئے ہے اور سینئر حکومتی عہدیدار جموں کشمیر کے طلباءاور شہریوں کی وطن واپسی کے لئے وزارت خارجہ کے ساتھ رابطہ بنائے ہوئے ہیں۔ میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، پولیس سربراہ نلن پربھات اور دیگر سینئر عہدیداروں نے شرکت کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران میں جاری حالات خاص طور سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنائی کے جان بحق کئے جانے کے بعد ابھرنے والی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی حکومت وزارت خارجہ کے ساتھ لگاتار رابطے میں ہے تاکہ ایران میں مقیم جموں و کشمیر کے باشندوں کی حفاظت اور وطن واپسی یقینی بنائی جا سکے ۔ انہوں نے سماج کے سبھی طبقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پُر امن رہیں اور ایسی حرکات سے باز رہیں جو نقصِ امن کا باعث بن سکتی ہےں ۔ وزیر اعلیٰ نے پولیس اور سول انتظامیہ سے بھی کہا ہے کہ وہ طاقت یا غیر ضروری بندشیں عائد کرنے سے احتراز کریں ۔

صورتحال// امتحان

اسی دوران حکام نے لوگوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے سرینگر شہر میں چند احتیاطی اقدامات کئے ہیں ۔ جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ حکومت نے آج اور کل تمام سکول اور کالج بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے ۔

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے آج اور کل سبھی امتحانات اور تدریسی عمل معطل رکھنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ کشمیر یونیورسٹی نے بھی سبھی امتحانات اور تدریسی عمل آج معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ

ٹیکنالوجی کی ایک نوٹیفکیشن کے مطابق آج لئے جانے والے سبھی امتحانات ملتوی کئے گئے ہیں جبکہ یونیورسٹی میں درس و تدریس کا سلسلہ بھی آج معطل رہے گا۔

کا آج لیا جانے B.Sc Technology Third Year دریں اثناءشیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگر نے بھی والا امتحان ملتوی کر دیا ہے ۔ اگلی تاریخوں کا اعلان الگ سے کیا جائے گا ۔

بورڈ امتحان میں شامل ہونے والے طلباءکے والدین نے حکام سے اپیل کی ہے کہ اُن کے بچوں کو امتحانی CBSE اُدھر مراکز تک آسان رسائی فراہم کی جانی چاہئے تاکہ وہ امتحان میں شامل ہو سکیں ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے نوشہرہ سب ڈویژن راجوری میں کل کئی مقامات پر عوامی میٹنگوں کی صدارت کرتے ہوئے عوامی شکایات اور مطالبات کی سماعت کی ۔ انہوں نے نوشہرہ سب ڈویژن میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی بر سر موقعہ جائزہ لیا ۔ عوامی شکایات سننے کے بعد نائب وزیراعلیٰ نے لوگوں کو یقین دہانی کی کہ ان کے جائز مطالبات کو پورا کرنے کے لئے فوری کاروائی کی جائے گی ۔

ریلوے

ہولی ” کے تہوار کے پیش نظر شمالی ریلوے نے جموں ڈویژن کے مسافروں کی راحت رسانی کے لئے کئی اقدامات ” کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ ڈویژنل منیجر شمال ریلوے وویک کمار کی ہدایت پر مسافروں اور سیاحوں کے بھاری رش کے پیش نظر خصوصی ریل سروس چلائی جائے گی تاکہ مسافروں کو کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت2 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ